رجسٹرڈ ایل نمبر ۱۰۴۲   رجسٹرڈ ایل نمبر ۱۰۴۲

در نقیب اور کشائش نا امید انجاح پیرنگ و انداز بر قفل عاقل روپیہ علی

حکیمانہ قدیم وجدید طب یونانی و ویدک
صنعت و حرفت و دیگر علوم قدیمہ پر علمی و عملی
روشنی ڈالنے والا

رسالہ

جلد ۲   نمبر ۷   ۱۳۳۷

مفتاح الاسرار

بابت ماہ اکتوبر ۱۹۱۸ء

ہر ماہ کے اخیر میں زیر ایڈیٹری ابو الاقبال حکیم محمد بخش صاحب
شائع ہوتا ہے

قابل توجہ قواعد وضوابط

(۱) خط وکتابت میں نمبر خریداری ضرور لکھیں اور جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے ورنہ جواب نہ ملنے کی شکایت معاف

(۲) رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع دفتر میں ۱۰ تاریخ تک آنی چاہئے۔ ورنہ رسالہ بیرنگ ارسال ہوگا

(۳) خط کی تعمیل میں دیر ہو تو ہفتہ کے بعد یاد دہانی کرائیں۔

(۴) رسالہ کی خریداری خواہ کسی وقت ہو مگر شروع سال سے حساب ہوگا البتہ سال بھر کے جملہ پرچے دفتر سے مہیا کئے جائینگے

اسلامیہ سٹیم پریس لاہور میں باہتمام منشی مظفر الدین صاحب مینیجر چھپا اور حکیم محمد بخش پبلشر نے کالج پور سے شائع کیا۔

گندھک کا عجیب و غریب تیزاب یا تیل

عرصہ ہوا کہ ایک پرانی بیاض میں گندھک کے تیل کا ایک نسخہ میری نظر سے گذرا چونکہ نسخہ آسان تھا۔ اس نے اس کے تجربہ کرنے کا خیال پیدا ہوا کچھ عرصہ کے بعد اس کو یکمرتبہ بطور تجربہ کے بنایا۔ جس میں سے ایک تیز سرخ پانی مثل تیزاب کے برآمد ہوا۔ جس کو تجربہ کیواسطے ایک پیالی میں رکھ دیا گیا۔ شب گزرنے بعد صبح کو جب دیکھا تو نہایت قلیل مقدار میں کسی قدر سبز پانی پیالی میں باقی [illegible] رنگین پانی بالکل نہ تھا وہ نسخہ یہ تھا

گندھک ایک جزو نوشادر نصف جزو لے کر تمام کو عرق مشو کری بوٹی میں حل کر کے گولیاں بنا کر شیشہ میں مقطر کریں۔ کچھ عرصہ دراز کے بعد ایک دفعہ ایک اور تجربہ مثل اس کے اس طرح ہوا۔ کہ نوشادر و گندھک ہموزن لیکر نوشادر و گندھک کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیا۔ پھر صابن کو مقرض کر کے ماء الراس یعنی ماء الصابون میں حل کر لیا اس محلول میں دونوں اجزائے سائیدہ مذکورہ بالا ملا کر کھرل کر کے سب کی گولیاں بنالیں ان گولیوں کو قرع و انبیق زجاجی میں مقطر کیا۔ ایک پانی نہایت سرخ اور صاف مثل شہاب کے جو کسی قدر چکنا بھی تھا۔ برآمد ہوا۔ جس کی صفائی اور رنگ کو دیکھ کر طبیعت خوش ہوئی۔ اس کو ایک شیشی میں رکھ دیا گیا۔ تجربتہً چاندی کے پترہ پر لگا دیا گیا۔ فوراً یہ مجرب ہے کہ اس نے چاندی کے پترہ کو مثل سونے کے سنہری کر دیا۔ مگر جب اس پترہ کو آگ میں رکھ کر تپایا۔ تو رنگ اڑ گیا۔ اور پترہ بالکل سفید ہو گیا۔ چیز مزید تجربات کے لئے اس تیل کو ایک شیشی کے منہ بند کر کے رکھ دیا گیا چند دن کے بعد جو اس شیشی کو دیکھا تو اس میں قدرے قلیل سفید پانی پڑا ہوا تھا اور رنگین پانی بالکل غائب ہو گیا تھا سوچنے پر یہ بات سمجھ میں آئی۔ کہ مذکورہ بالا طریقہ سے جو کچھ برآمد ہوتا ہے وہ ایک اڑنے والا تیل یا تیزاب ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد ایک دن انگریزی کیمسٹری میں دو نسخے نظر سے گذرے۔ جن سے بالکل تحقیقاً ثابت ہو گیا۔ کہ وہ خیال بالکل درست ہے۔ بلکہ [illegible] کیمسٹری کے نسخوں میں صاف طور پر تحریر تھا۔ کہ جو تیل ان طریقوں سے برآمد ہوتا ہے۔ وہ نہایت درجہ کا پران یعنی اڑنے والا ہوتا ہے۔ چنانچہ کیمسٹری کے وہ نسخے حسب ذیل ہیں۔

گندھک ۱- پونڈ چونہ نصف پونڈ نوشادر ۱۰ اونس لیکر مقطر کریں۔ ایک نہایت خوش رنگ تیل جو پران ہوگا۔ برآمد ہوگا۔

دوسرا نسخہ:۔ گندھک اور نوشادر پانچ پانچ اونس۔ چونہ ۱۰ اونس لے کر سب کو باریک پیس کر باہم ملا کر مقطر کریں۔ بدستور مذکور ایک نہایت خوش رنگ اڑنے والا تیل برآمد ہوگا۔

میری غرض نسخہ جات مذکورہ بالا کے تحریر کرنے سے یہ ہے کہ تیل مذکور جو اوپر کے لکھے ہوئے طریقوں سے برآمد ہوتا ہے۔ وہ مثبت قمر ہوتا ہے۔ مگر اس وجہ سے کہ وہ قائم نہیں ہوتا۔ اڑ جاتا ہے۔ اگر نسخہ جات مذکور میں کچھ مناسب تصرفات کر کے اس کو بنایا جائے۔ اور مقطر میں ثبات یعنی قیام پیدا کیا جائے۔ تو یہ مقطر تنہا کارآمد نہ ہو تو تشمیع ارض اکسیر کے لئے ایک نہایت کارآمد تیل ہو سکتا ہے۔ صاحبان علم عمل غور کر کے اور تجربہ کر کے اگر اپنی اپنی رائے سے ناظرین مفتاح کو مطلع فرمائیں۔ تو کیا عجب ہے کہ راقم کے خیال کے موافق آسانی سے وہ من شمع اکسیر حاصل ہو جائے۔ میرے خیال میں اجزا کے اوزان کی کمی بیشی اور بعض اجزائے مناسب کے اضافہ سے یہ نتیجہ بخوبی غالب آسانی سے برآمد ہو سکتا ہے واللہ اعلم بالصواب۔ (ایڈیٹر)

ڈائری تجربات

نسخہ گندھک سفید:۔ عرق مدار سے گندھک کو اتنا مسحق کرو کہ سفید ہو جائے مدار کے پتوں کا عرق نکالا اور مقطر کر لیا۔ اس عرق سے گندھک آملہ سار کو مسحق کرنا شروع کیا۔ اس طرح کہ گندھک کو عرق سے تر کر کے کھرل کیا۔ جب خشک ہو گیا پھر تر کیا۔ ایک ہفتہ تک اسی طرح مسحق کرتے رہے اس کے بعد گندھک بالکل سفید مثل چونہ ہو گئی۔

چونکہ کبریت سفید اکسیر کا ایک اعلےٰ رکن ہے۔ لہٰذا جملہ برادران کے پیش ہے۔ جو نہ مثل اور سہل تر ہے۔ جو صاحب جس کام میں لاویں۔ اس کی ڈائری بھی مفتاح میں درج کرائیں۔ (صوفی گل حسن چشتی)

نوٹ:۔ آپ اس کبریت کو چاندی کے پترے پر سرخ کر کے طرح کریں۔ پھر دیکھیں۔ کہ یہ دھواں تو نہیں دیتی اور چاندی کو سیاہ نہیں بلکہ سفید یا زرد کرتی ہے۔ تو یہ گندھک کارآمد ہو گئی۔ اس کا احتراق اور احتراق زائل ہو گیا۔ ایسی گندھک کا تیل اکسیری خواص پیدا کریگا۔ اگر ایسی گندھک ہے تو ہم آئندہ اشاعت میں اس کے تیل کرنے کی ترکیب لکھینگے۔ اور اس کے دیگر افعال وخواص بھی درج کرینگے۔ (سکریٹری)

نسخہ شورہ کا تیل۔ چار تولہ حمل بوٹی کا عرق مقطر لے کر ایک تانبے کے سنیٹ میں ڈالو اور اس میں ایک تولہ نیلا طوطیا ڈال کر پاؤ سیر اوپلے کی آگ دو۔ توتیا کشتہ ہو گا۔ ایک تولہ شورہ قلمی کو گلا کر ایک ماشہ کشتہ مذکورہ ڈالو۔ شورہ تیل ہو گا۔

عمل:۔ ۲ تولہ عرق مقطر مصفا حمل بوٹی زرد گل میں ایک تولہ طوطیا سبز کی سطح پر۔ سنیٹ مٹی میں بند و گل حکمت کر کے پاؤ بھر اوپلے کے چھوٹے ٹکڑے کر کے آگ دی۔ سرد ہونے پر کھولا طوطیا و عرق سب جل گیا۔ دوبارہ بدستور سابق پھر عمل کیا۔ لیکن آگ اس بار اوپلہ کو ایک ہی

کرکے دی۔ تو خام رہا۔ بعد قدرے رطوبت باقی رہ
گئی۔ طوطیا عرق لیموں میں محلول ہو جاتا ہے تیسرے
بار اسی سپنٹ مٹی میں تولہ بھر طوطیا کو گیارہ تولہ
لیموں زرد گل کے نغدہ میں رکھ کر بند و گل حکمت
کرکے تین پاؤ اوپلہ کے ٹکڑوں کی آگ دی۔ طوطیا
مثل نیلہ تھوتھ کے سفیدی مائل ہو گیا۔ اس
کو ماشہ بھر لے کر ایک تولہ شورہ قلمی گداز شدہ
پر ڈالا۔ شورہ مثل پانی کے پتلا محلول ہو گیا۔
اور قدرے شعلہ زن بھی ہوا۔ مگر سردی پا کر
سخت سیاہ رنگ ہو گیا۔ بعدہ خیال دامنگیر ہوا
کہ شاید لیموں سفید گل میں یہ اثر ہو۔ لہذا
دوسرے جگہ سے تلاش کر کے اسی سپنٹ مٹی میں
لیموں سفید گل کے نغدہ میں طوطیا نو۔ بند کر کے
ایک سیر کے آگ دی۔ تاکہ بالکلیہ سفید ہو جائے
نیلہ تھوتھ کا سا اثر ہے۔ سرد ہونے پر کھولا طوطیا
بالکل خاکستری رنگ نکلا۔ غالباً زیادتی آگ سے
خاکستری رنگ ہو گیا۔ پھر اس کو ایک ماشہ لے کے
شورہ پر طرح کیا۔ شورہ مذکور بدستور سابق
سردی پا کر جم کر سخت سیاہ ہو گیا۔ محلول روغن
نہیں ہوا۔ (سید رضا حسین)

نوٹ۔ چونکہ یہ عمل ستہ ہو۔ کی اصلاح کی ضرورت ہے ...

نسخہ جات قابل تجربہ

اکسیر ہیرا لی۔ بال محلول۔ کبریت محلول
ہموزن ملا کر تعفین کرے۔ اور پھر ہموزن ما ...
... روغن مقطر کرے

مانند خون کے سرخ تیل برآمد ہوگا۔ پھر اس
روغن سے سیماب ایک جزو برادہ طلائی ...
کو سحق کرکے تشویہ دے۔ یہ عمل سحق و تشویہ
کا یہاں تک جاری رکھے۔ کہ دور شیخ و خواص
ہو جاوے۔ اس وقت ایک حصہ۔ ہ حصہ قمر زن
پر طرح کرے۔ مولود ذہبی پیدا ہوگا۔

قمر زن: ۔ انار کی کلیاں بغیر شگفتہ
مالذ ڈے سبز۔ پھٹکری چند ہموزن ملا کر سحق
کرکے پانی میں بھگو دیں۔ تین دن کے بعد مقطر
کرکے بدستور ... جز ثلثہ سے بھگو کر تین
روز کے بعد مقطر کریں۔ اسی طرح ہ مرتبہ
یہ عمل کریں۔ اور چاندی کو اس پانی میں بجھاوے
دے۔ تو چاندی قمر زن ہو جاویگی۔

خون تیرہ: ۔ تیزاب نمک میں ہموزن
جوہر نوشادر ملا کر مقطر کریں۔ انڈوں کے صاف
چھلکے ہموزن لے کر ان کو سفید مکلس کرکے
ہموزن تیزاب مقطر مذکورہ پلاویں۔ یہ
کلس حل ہو جاویگا۔ اس کو نچوڑ کر ہموزن
بال ... ملا کر بعد تعفین کے مقطر کریں۔
اور مقطر کو غیر مقطر پر رو کرکے حسب تعفین
کے کرے بعد چالیس روز کے نکال کر پھر
مقطر کریں۔ ایک رطوبت سرخ نازل ہوگی
یہ سرخ رطوبت نصف وزن گندھک کو پلا کر
اور سحق کرکے گولیاں بنا کر پیالی ... کے
ٹپکائے۔ گندھک کی گرہ کشادہ ہو کر روغن

پکاویگا۔ جو پارہ کو قایم السنار کر دیگا۔

گندہگ کا تیل

:- ۲ تولہ سار ۳ حصہ فی حصہ ملا کر تیزاب فاروقی سے تر کر کر کے سحق کریں - ۱۲ یوم تک اسی طرح سحق کر کے آخیر میں تیزاب سے تر کر کے گولیاں بنا کر روغن ٹپکالے۔

اکسیر شمشی

:- دو سیر چونا ان بجھا لے کر دس سیر گرم پانی میں بجھا دے - اور ایک طبخ دیکر چھوڑ دے - اس کا زلال لے کر ۲ تولہ آنولہ سار باریک کر کے ملاوے - اور پکا دے - جب تمام گندک محلول ہو جاوے اور ۱/۴ حصہ پانی کا رہ جاوے - تو بوتل میں یہ پانی بھر دے۔

پارہ ۱۲ تولہ لیکر ایک بوتل پانی مذکورہ سے سحق کرے - جب خشک ہو جاوے - تو آتشی شیشہ میں ڈال کر - بالو ریگ میں رکھ کر اس کو پکا دے - جب تک دہواں سیاہ نکلتا رہے - پکتا رہے - جب دہواں سفید یا سرخ نکلنے لگے - آگ موقوف کرے - اور شیشہ کے موہنہ میں ڈاٹ مضبوط لگا کر بند کر دے - جب سرد ہو جاوے - دوسری بوتل پلا کر طبخ دے - اسی طرح جملہ پانی پارہ کو پلاوے - یہ ایک شنجرف تیار ہوگی - اس کو نمک لاہوری ہموزن کیساتھ کھرل کر کے گرم پانی سے دہو دیں - اور تین مرتبہ دہو دے - یہ شنجرف صاف ہو جاویگی -

۵ تولہ شیلہ طوطیا لے کر ۲ تولہ ارنڈی کے تیل میں چینی کے برتن میں ایک پہر طبخ دے - اسی طرح ۳ مرتبہ جدید روغن و شہد میں پکاوے - پھر اس کو تیار شنجرف کی طرح تین مرتبہ نمک ہموزن کے ساتھ گھوٹ کر گرم پانی سے دہو ڈالے - اب شنجرف مذکور و طوطیا مذکور کو ملا کر ۵ تولہ روغن بیضہ بذریعہ سحق پلاوے - بعدہ آتشی شیشی میں بند کر کے دس سیر اپلہ جنگلی کی آگ کرے - اس کی بہوبل میں دبا دے - اسی طرح ۷ مرتبہ جدید روغن بیضہ کر کے تشقیہ کرے بدستور تشویہ دے - یہانتک کہ یہ دوا مشمع ہوگی - یہ دوا نقرہ و ذہب پر الگ الگ طرح کرے دونو کو ملا کر ۳ گھنٹہ چلکر دے۔

تحمیر ذہب

:- شنگرف کو سنگ راسخ میں ملفوف کر کے بہوبل میں تشویہ دیکر قایم کرے - اور سنگ راسخ عمدہ لیکر اس سے ۲ گنہ سبز کانچ کی چوڑیاں سفوف کر کے اس میں دیکر قوی آتش میں طبخ دے - کہ کانچ چلکر کہا جاوے - سرد کر کے سنگ راسخ گلابی رنگ کشتہ شدہ نکالے - اب ایک حصہ شنجرف قایم ایک حصہ یہ سنگ راسخ دونو کو گھیکوار کے ٹیپ رس سے کھرل کر کے ایک قرص بنا دے - اس قرص کو خشک کر کے سفوف کوٹھالی میں رکھ کر ایک کوزہ گلی میں رکھ کر آتش تنور میں دفن کرے - سات مرتبہ

عمل کرے۔ دوا تیار ہے۔ تو ہب پر طرح۔
قمر مرزن: - برادہ نقرہ کو ہموزن پال
مقرض اور ہڑتال نصف ملا کر کپڑے میں
پوٹلی باندھے۔ بعدہ گل حکمت کرکے زر و جارہ
میں مدمس کرے۔ کہ ہڑتال اور پال سوختہ
ہو جاویں۔ برادہ کو نمک آب گرم سے دھو کر
ماء الحیات و دیگر چیزوں سے سیاہ کشتہ بند
ہوگا۔ کثرت چرخ اور بورق سے نہایت
مرزن و صفا زر دکس دینے والا برآمد ہوگا
اکسیر سرخ: - پارہ ایک تولہ لسن
کو کوٹ کر عرق نکالے۔ اور شراب برانڈی
میں ملا دے۔ اب ایک حصہ پارہ طلا اور
شنجرف قلمی چار حصہ اور نوشادر ایک حصہ
سب کو ملا کر ایک شربت عرق مذکور کا ملا کر
سحق کرکے قرص بنا کر خشک کرے۔ اور بعد
سکورہ گلی میں بند کرکے گرم ہو میں تشویہ دے
یہ عمل ۲۸ مرتبہ کرے۔ آنچ ہویں کی تا دبجا
بڑھا دے۔ اور آخری ۲۲ آنچیں تو کبری کی مشتعل
میں دے۔ دوا تیار ہے۔ قمر مرزن پر طرح کرے
گندھک کا تیل: - کبریت آملہ سار ایک تولہ
سنگ ابری عمدہ ۶ ماشہ رال سفید ۶ ماشہ
سب کو سحق کرکے اور روغن سفید ملا دے
بعدہ گولیاں بنا کر روغن نکالے۔ اگر تانبہ گداختہ
دیگر چیز پر دینگے۔ تو تانبہ لاثانی ہوگا۔
ایضاً: - گندھک آملہ سار ۲ تولہ روغن تامیشین

۳ تولہ میں سحق کرکے تمام مخلوط دے۔ اور کافور
۳ تولہ سیرشر این ۲ تولہ پھر سحق کرکے بیچ دے
چہرہ و موکو ملا کر سحق کرکے گولیاں بنا کر روغن ٹپکا
دے۔ مگر یہ جن تانبہ قرص کا ملا رہے۔

ایک عزیز گم شدہ کی تلاش

میرا لڑکا ممتاز حسین نامی عمر ۱۶ سال
دبلا پتلا زرد رنگ قد پانچ فٹ ۲ انچ
خوبصورت کتابی چہرہ ہے۔ انگریزی
لباس پہنے ہوئے بغرض علاج مرض
جریان۔ عرصہ دو ماہ سے کسی حکیم صاحب کے
پاس چلا گیا ہے۔ جو صاحب مطلع فرماوینگے
ان کی خدمت میں مبلغ عہ پیش
کرونگا۔

المعلن: - محمد یوسف سب انسپکٹر
قصبہ روپ باس متعلقہ ریاست بھرتپور

نوٹ: - جو صاحب پڑھ دیں۔ وہ
ممتاز حسین کو مطلع کر دیں۔ کہ اکسیر
جریان اُن کے مرض کو بالکل دور
کر دے گی۔ وہ ہم سے ایک
شیشی کے لئے منگوا لیں۔ اور
گھر واپس چلے آویں۔ اپنے
والدین کو زیادہ پریشان
نہ کریں۔

رجسٹر

ضروری ہدایت

جو صاحب جدید خریدار مفتاح الاسرار بنیں۔ اُن کو لازم ہے صنعت کورس جو درج ذیل ہے۔ بخوبی ملاحظہ فرما کر کتنی نسخہ کے نسخہ منگا دیں۔

نام کورس	قیمت	مدت پابندی
ہدایت روحی حصہ اوّل	عہ	دو ماہ
ہدایت روحی حصہ دوئم	عہ	۳ ماہ
ہدایت روحی حصہ سوئم	للعہ	۴ ماہ
اسرار المجربات	۸ر	۳ ماہ

یہ پورا کورس صنعت کی تعلیم کا ہے۔ صرف ایک کتاب روضۃ الفلاسفہ اس کورس کے بعد اور دیکھنی پڑتی ہے۔ جس کی چھپوانے کا انتظام سوچا جا رہا ہے۔ اس قدر کورس کو یاد کر لینے کے بعد طالب علم عملی طور پر ہر نسخہ کو بنانے کی قابلیت حاصل کر لیتا ہے۔ اور صحیح اور غلط نسخہ میں تمیز کر سکتا ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر دفتر مفتاح الاسرار انبالہ

مستالطہ۔ مولفہ حکیم سید ظفر علی صاحب سہوانی شاگرد رشید زبدۃ الحکماء وحضرت مولانا یا حضرت حکیم مولوی عبدالعزیز صاحب لکھنوی۔ قیمت عہ

اس میں استخراج مزاج اور درجہ وغیرہ ادویات مرکبہ پر پوری بحث کی گئی ہے۔ ادویات کی قدر خوراک معلوم کرنے کا طریقہ واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ۸ر

ترجمہ بیاض حضرت سید بہاول شاہ

مصنفہ ایڈیٹر صاحب اخبار حکمت یہ ایک پرانی قلمی بیاض کا بعد ترجمہ ہے کل نسخہ جات ۱۸۰ قیمت ۸ر

مثنوی طور عشق مصنفہ حضرت مولانا اسلامی صاحب مرحوم خلف رشید شمس العلماء مولوی محمد حسن صاحب مرحوم وزیر اعظم ریاست ٹیپور ٹھنڈہ۔ یہ مثنوی ایسی چیز ہوں کہ بچے بچے کی زبان پر یاد رہنے کا یاد کار ہے۔ پیر کا دینے اور جیوم جھوم جھام پڑھنے والے شعر ہیں۔ کاغذ بہت موٹا۔ حجم ۲۰۰ صفحہ سے زائد ہے قیمت عہ